آسان عروض اور شاعری کی بنیادی باتیں

سبق۔۱۹

سرور عالم راز سرورؔ

تمہید:

مضامین کی زیر نظر قسط کے ساتھ ہی اُردو میں مستعمل اُنیس بحروں کا سلسلہ ختم ہو رہا ہے۔ اس سلسلہ کے دوسرے مضامین میں قافیہ پر مختصر گفتگو ہو گی اور شاعری کے چند بنیادی نکات پر بھی بات کی جائے گی۔آج کی تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں زبان و اَدب بھی مسلسل بدل رہے ہیں۔ نئے الفاظ، نئی اصطلاحات اور نئے اسالیب کے ساتھ ہی ہماری نئی نسل میں اپنے ادب وشعر کی جانب سے سہل انگاری اور بے توجہی بھی بڑھتی جارہی ہے۔ کتنے ہی پرانے علوم ایسے ہیں جن سے نئی نسل مطلق بیگانہ ہے۔ علم عروض اور علم قافیہ کا شمار ایسے ہی علوم میں ہوتا ہے جو جلد ہی وقت اور زمانے کی اس یورش کے سامنے ٹھہر نہیں سکیں گے اور مستقبل میں قصہ پارینہ ہو کر رہ جائیں گے۔ اگر اس علم کو آسان بنایا جا سکے اور زبان کی خوبصورتی، فصاحت اور ادبی صلابت برقرار رکھتے ہوئے اس کی بعض سخت و شدید شرائط و ضوابط نرم، لچک دار اور نسبتاً آسان اور عام فہم کر دیے جائیں تو عین ممکن ہے کہ اگلی نسلیں ان علوم کی جانب پھر سے مائل کی جا سکیں اور اس طرح اُردو شاعری اپنی تمام تابنا کیوں اور جلوہ سامانیوں کے ساتھ زندہ اور رواں دواں رہے۔مذکورہ مضامین میں اسی نہج کے موضوعات پر گفتگو کی جائے گی۔

سہولت کے پیش نظر بحروں کے بیان کی زیر نظر آخری قسط میں بحر خفیف، بحر قریب اور بحر منسرح کو یکجا کر دیا گیا ہے۔ یہ تینوں بحور اُردو شاعری میں اپنی سالم شکل میں کبھی استعمال نہیں کی گئی ہیں اور ان کی مزاحف شکلوں میں سے بھی معدودے چند ہی مقبول ہو سکی ہیں۔

بحر خفیف

تقریب:

بحر خفیف اُردو شاعری میں صرف اپنی مسدّس مزاحف شکل میں ہی زیادہ استعمال ہوئی ہے۔ اس کی مثمن شکل باوجود تلاش بسیار کہیں نظر نہیں آئی۔ دو ایک مزاحف شکلیں مزید ایسی ہیں جن میں معدودے چند شاعروں نے ہی غزلیں کہی ہیں لیکن یہ آٹے میں نمک کے برابر ہیں۔ ڈاکٹر جمال الدین جمالؔ نے تفہیم العروض میں بحر خفیف کا وقوع تقریباً نو (فی صد) لکھا ہے یعنی ہر سو غزلوں میں سے نو اس بحر میں کہی گئی ہیں۔ اس طرح یہ بحر نسبتاً مقبول بحروں میں گنی جا سکتی ہے۔

خفیف۔۱: تفعیل

بحر خفیف کی تفعیل میں عروض کی کتابوں میں تھوڑا سا اختلاف نظر آتا ہے۔

فا عِلاتُن مُستَفعِلُن فا عِلاتُن (درسِ بلاغت: شمس الرحمن فاروقی)

فا عِلاتُن مُس تفعِ لُن فا عِلاتُن (چراغِ سخن: یاسؔ عظیم آبادی؛ تفہیم العروض: جمال الدین جمالؔ؛ بحر الفصاحت: نجم الغنی نجمیؔ)

ہمارے موقف کے پیشِ نظر یہ خفیف سا فرق اہم نہیں ہے۔

خفیف۔۲: زحافات

(۱) فاعلیان (۲) فَعِلاتُن (۳) فَعِلاتْ (۴) فَعْلُن (۵) مَفعولُن (۶) فا عِلُن (۷) فا عِلان (۸) فَعِلیان (۹) فَعِلُن (۱۰) فَعِلان (۱۱) مُفا عِلُن (۱۲) مُستَفعِلُ (۱۳) مُفا عِلُ (۱۴) فَعولُن

خفیف۔۳: تفاعیل

(۱) فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعْلُن

(۲) فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلان

(۳) فَعِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلاتُن

(۴) فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعَلِیان

(۵) فَعِلاتُن مُفا عِلُن فَعلان

(۶) فا عِلاتُن مُفا عِلُن فا عِلاتُن

(۷) فا عِلاتُن مُفا عِلُن فا عِلان

(۸) فا عِلاتُن مُفا عِلُن فا عِلُن

(۹) فَعِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلُن

(۱۰) فَعِلاتُن مُفا عِلُن فا عِلان

(۱۱) فَعِلاتُن مُفا عِلُن فَع

(۱۲) فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَع

خفیف۔۴: اشعار کی تقطیع

اپنی ہستی حباب کی سی ہے

اَپ نِ ہَس تی ؛ حَ با ب کی؛ سی ہے

فَا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعلُن

یہ نمائش سراب کی سی ہے

ی نُ ما ئش ؛ سَ را ب کی ؛ سی ہے

فَعِلاتُن مُفا عِلُن فَعلُن

(میر تقی میرؔ)

یاسؔ اب آپ میں نہ آئیں گے

یاس اَب اا؛ پ مے نَ اا؛ ئے گے

فَاعِلاتُن مُفاعِلُن فَعِلُن

وصل اک موت کا بہانہ ہے

وَص لِ اِک مَو؛ تَ کا بَ ہا ؛ نہ ہے

فَاعِلاتُن مُفاعِلُن فَعِلُن

(یاسؔ عظیم آبادی)

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی

کا وُ نَم رُو؛ دَ کی خُ دَا ؛ ئی تی

فَاعِلاتُن مُفاعِلُن فَعِلُن

بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

بَن دَ گی مے؛ مِ رَا بَ لا ؛ نہ ہُ وا

فَاعِلاتُن مُفاعِلُن فَعِلُن

(غالبؔ)

تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے

تم ہُ مار ے ؛ کِ سی طَ رَح ؛ نَ ہُ وے

فَاعِلاتُن مُفاعِلُن فَعِلُن

ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا

وَر نَ دُن یا ؛ مِ کا نَ ہی ؛ ہو تا

فَا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلُن

(مومن خاں مومنؔ)

میں ہمیشہ سے اس کے سامنے تھی

مے ہَ مے شہ ؛ سِ اُس کِ سا؛ مَ نِ تی

فَا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلُن

اس نے دیکھا نہیں تو میرا نصیب

اُس نِ دے کا ؛ نَ ہی تُ مے ؛ رَ نَ صیب

فَا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلان

(پروین شاکر)

شمع ساں لگ اٹھے زباں کو آگ

شَم عَ سا لگ ؛ اُٹے زَبا ؛ کوااگ

فَا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلان

گر کروں سوزِ دل بیاں اپنا

گَر کَ رُو سو ؛ زِ دِل بَ یا ؛ اَپ نا

فَا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلُن

(بہادر شاہ ظفرؔ)

جاؤ اب سو رہو ستارو

جا ؤ اَب سو؛ رَ ہو سِ تا ؛ رُو

فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَع

درد کی رات ڈھل چکی ہے

دَر دَ کی را ؛ ت ڈَل چُ کی ؛ ہے

فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَع

(فیض احمد فیض)

دل مضطر تڑپ رہا ہے وَ لیکن

دِلِ مُض طَر ؛ تَ ڑَپ رَہا ؛ ہِ وَ لے کِن

فَعِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلاتُن

نظر آتی نہیں وصال کی صورت

نَ ظَر اا تی ؛ نَ ہی وِصا ؛ ل کِ صو رَت

فَعِلاتُن مُفا عِلُن فَعِلاتُن

پھر ہوئیں دل میں حسرتیں آباد

پر ہُ ئی دِل ؛ مِ حَس رَ تے ؛ اا باد

فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعلان

نالے دینے لگے مبارکباد

نالِ دے نے ؛ لَ گے مُبا ؛ رَک باد

فا عِلاتُن مُفا عِلُن فَعلان

(داغؔ دہلوی)

ہم   ترستے   رہیں   نگار

ہم تَ رَس تے ؛ رَہے نِ گار

فا عِلاتُن   مُفا عِلان

ہو تو اوروں سے ہم کنار

ہو تُ اَورو ؛ سِ ہم کِ نار

فا عِلاتُن   مُفا عِلان

اے جنوں تیرے ہاتھ سے

اے جُ نو تے؛ رِ ہات سے

فا عِلاتُن   مُفا عِلُن

نہ بچا   اک قبا کا تار

نَ بَ چا اِ ک ؛ قَ با ک تار

فَعِلاتُن   مفا عِلان

بحر سریع

سریع۔۱: تفعیل

مُستَفعِلُن مُستَفعِلُن مَفعولاتُ

سریع۔۲: زحافات

مُفا عِلُن؛ مُفْتَعِلُن؛ مَفعولُن؛ فا عِلُن؛ فَعِلاتُن؛ مَفعولان؛ فُعلُن؛ فاع؛ فَع؛ فَعِلاتُ؛
فَعولُن؛ فَعولان؛ فا عِلان؛ فَعِلُن

سریع۔۳: تفاعیل

(۱) مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فا عِلُن
(۲) مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فا عِلان
(۳) مُفْتَعِلُن مَفعولُن فا عِلان
(۴) مَفعولُن مُفْتَعِلُن مَفعولُن
(۵) مَفعولُن مَفعولُن فا عِلان
(٦) فا عِلُن مُفْتَعِلُن فا عِلان
(۷) مُفا عِلُن مُفْتَعِلُن فا عِلُن
(۸) مُستَفعِلُن مُستَفعِلُن فَعولُن

سریع۔۴: اشعار کی تقطیع

غیر بھی کیوں تجھ سے نباہیں گے گر
غَے رَبِ کو ؛ تُج سِ نِ با ؛ ہے گِ گر
مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فا عِلُن

جُرم وفا قابل تعزیر ہے
جُرمِ وَفا ؛ قاب لِ تَع ؛ زی رَہے
مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فا عِلُن

(شیفتہ)

آپ کے وعدوں کو ہمارا سلام

اآپ کِ وَع ؛ دو کَ ہ ما ؛ راس لام
مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلان

دیکھ چکے خوب اَجی جاؤ بھی
دے ک چُ کے ؛ خوب اَجی ؛ جاؤ بِی
مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلُن

(نسیمؔ لکھنوی)

دَر پہ اُس کے نہ فغاں کر اتنی
دَر پَ رُس ؛ کے نَ فُ غا ؛ کر اِت نی
فاعِلُن مُفْتَعِلُن مَفعولُن

ہے ادب بھی دلِ بیمار شرط
ہے اَدَب ؛ بِی دِلِ بِی ؛ ما رَ شرط
فاعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلان

چپکا نہ رہ مرغِ چمن دام میں
چُپ ک نَ رِہ ؛ مُر غِ چَ مَن ؛ دامَ مے
مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلُن

کچھ ہی نہ کچھ تجھ کو ہے گفتار شرط
کُچ ہِ نَ کُچ ؛ تُج ک ہِ گُف ؛ تا رَ شرط
مُفْتَعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلان

آنکھ نہ لگنے سے سب احباب نے

اا کَ نَ لَگ ؛ نِ سِ سب اِ ح؛ با بَ نے

مُفتَعِلُن مُفتَعِلُن فاعِلُن

آنکھ کے لگ جانے کا چرچا کیا

اا ک کِ لَگ؛ جا نِ کَ چَر ؛چا کِ یا

مُفتَعِلُن مُفتَعِلُن فاعِلُن

آ نہ گئی آ نہ گئی تیری یاد

اا نَ گَ ئی ؛ اا نَ گَ ئی؛ تے رِ یاد

مُفتَعِلُن مُفتَعِلُن فاعِلان

چھا نہ گئیں چھا نہ گئیں بدلیاں

چا نَ گَ ئی ؛ چا نَ گَ ئی ؛ بَد لِ یا

مُفتَعِلُن مُفتَعِلُن فاعِلان

دل و جگر سوز سے تھے داغ داغ

دِل وَ جِ گر ؛ سو ز سِ تے ؛ داغ داغ

مُفتَعِلُن مُفتَعِلُن فاع لان

گھر میں نہ رکھتا تھا وہ گھر کا چراغ

گر مِ نَ رَ ک؛تا تَ وُ گر ؛ کا چِ راغ

مُفتَعِلُن مُفتَعِلُن فاعِلان

اے دل نہ جا زلفوں کی اُس صنم کی
اے دِل نَ جا ؛ زُل فو کِ اُس ؛ صَ نَم کی
مُستَفعِلُن مُستَفعِلُن فَعولُن

ہر چین اس کی قید ہے ستم کی
ہر چے نَ اُس ؛ کی قے دَ ہے ؛ سِ تَم کی
مُستَفعِلُن مُستَفعِلُن فَعولُن

بحرمنسرح

منسرح۔۱:تفعیل
مُستَفعِلُن مَفعولاتُ مُستَفعِلُن مَفعولاتُ

منسرح۔۲:زحافات
مُفاعِیلُ ؛فاعِلاتُ ؛فَعِلاتُ ؛مفعولُن ؛مَفعولان ؛ فَع ؛فاع ؛فاعِلُن ؛فاعِلان ؛مُفاعِلُن ؛
مُفتَعِلُن ؛فَعِلاتُن ؛فَعولان ؛مُفتَعِلان

منسرح۔۳:تفاعیل
(۱) مُفتَعِلُن فاعِلُن مُفتَعِلُن فاعِلُن
(۲) مُفتَعِلُن فاعِلان مُفتَعِلُن فاعِلان
(۳) مُفتَعِلُن فاعِلُن مُفتَعِلُن فاعِلان
(۴) مُفتَعِلُن فاعِلان مُفتَعِلُن فاعِلُن
(۵) مُفتَعِلُن فاعِلاتُ مَفعولُن
(۶) مُفتَعِلُن فاعِلُن مُفتَعِلُن

منسرح۔۴: اشعار کی تقطیع

کم نہیں ظلمت بھی کچھ اہل نظر کے لئے
کُم نَ ہِ ظُل ؛ مَت بِ کچھ ؛ اَہ لِ نَ ظر ؛ کے لِ ئے
مُفْتَعِلُن فاعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلُن

کون رہے شب نشیں نورِ سحر کے لئے
کون رَ ہے ؛ شب نَ شی ؛ نو رِ سِ حَر ؛ کے لِ ئے
مُفْتَعِلُن فاعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلُن

(جگر مرادآبادی)

وعدۂ لطف و کرم گر نہ وفا کیجئے
وَع دَ ءِ لُط ؛ فو کَ رَم ؛ گر نَ وَفا ؛ کی جِ ئے
مُفْتَعِلُن فاعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلُن

لطف نہیں تو ستم کچھ تو بھلا کیجئے
لُط فَ نَ ہی ؛ تو سِ تَم ؛ کچھ تُ بَ لا ؛ کی جِ ئے
مُفْتَعِلُن فاعِلُن مُفْتَعِلُن فاعِلُن

نالۂ دل نا رسا ہے یار تلک
نا لَ ءِ دِل ؛ نا رَ سا ہِ ؛ یا رَ تَ لک
مُفْتَعِلُن فاعِلاتُ مُفْتَعِلُن

اپنی پہنچ کب ہے گل عذار تلک

اَپ نِ پُ ہَچ ؛ کَب وِ گل عِ ؛زارَ تِ لگ

مُفْتَعِلُن فا عِلاتُ مُفْتَعِلُن

آنکھوں میں مے کا خمار اب تک ہے

اا ک مِ ے ؛ کاخُ ما رَ ؛ اَب تک ہے

مُفْتَعِلُن فا عِلاتُ مَفعولُن

سچ کہیں ہم کو تو آپ پر شک ہے

سَچ ک وِ ہم ؛ کوتُ اا پَ ؛ پَر شک ہے

مُفْتَعِلُن فا عِلاتُ مَفعولُن

مجھ کو ترا دستِ غیب

مُج ک تِ را ؛ دَس تِ غیب

مُفْتَعِلُن فا عِلان

کتنا کشادہ ملا

کِت نَ ک ُ شا ؛ دَہ مِ لا

مُفْتَعِلُن فا عِلان

(قتیلؔ شفائی)

آ کہ مری جان کو قرار نہیں ہے

اا کِ مِ رِی ؛ جاں کو قَ ؛ را رَ نَ ہی ؛ ہے
مُفْتَعِلُن فا عِلاتُ مُفْتَعِلُن فَع

طاقت بیداد انتظار نہیں ہے

طاق تِ بے ؛ دادِ اِن تِ ؛ ظا رَ نَ ہی ؛ ہے
مُفْتَعِلُن فا عِلاتُ مُفْتَعِلُن فَع

(غالبؔ)

کوئی نہیں آس پاس خوف نہیں کچھ

کو ءِ نَ ہی ؛ اا س پا س ؛ خو ف نَ ہی ؛ کچ
مُفْتَعِلُن فاع لان مُفْتَعِلُن فَع

ہوتے ہو کیوں بے حواس خوف نہیں کچھ

ہو تِ ہُ کو ؛ بے حَ وا س ؛ خو ف نَ ہی ؛ کچ
مُفْتَعِلُن فا عِلان مُفْتَعِلُن فَع

(سیدانشاؔ)

جوش طلب چاہئے، ہوش ادب چاہئے

جو شِ طَ لَب ؛ چا ہِ ئے ؛ ہو شِ اَ دَب ؛ چا ہِ ئے
مُفْتَعِلُن فا عِلُن مُفْتَعِلُن فا عِلُن

بند نہیں کوئی راہ پائے بشر کے لئے

بَن دَ نَ ہی ؛ کو ءِ راہ ؛ پا ءِ بَ شر ؛ کے لِ ئے
مُفْتَعِلُن فا عِلان مُفْتَعِلُن فا عِلُن

حاشیہ: جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا اس قسط کے ساتھ اُردو کی بحروں کا بیان ختم ہوتا ہے۔ آخر کے چند اسباق میں جو قلیل الوقوع بحریں دی گئی ہیں ان سے شاعروں کے گریز کی بڑی وجہ یہ نظر آتی ہے کہ ان بحروں میں روانی، غنائیت اور موسیقیت کی بہت کمی ہے الا ماشاءاللہ۔ کوئی اگر ان میں شعر کہنا بھی چاہے تو اس کو کافی محنت کرنی ہو گی اور ساتھ ہی ناپ تول کر الفاظ کا انتخاب کرنا ہو گا۔ ظاہر ہے کہ اس صورت میں معنیٔ آفرینی کیسے ہو سکتی ہے۔ جب تک کوئی نئی بحر ایجاد نہیں کی جاتی ہے اس وقت بظاہر ہمیں انھیں اُنیس بحروں پر اکتفا کرنا ہو گا.

==============================